**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**4جولائی2025ء**

# پریس ریلیز

## شہادتِ سیدنا حسینؓ داستانِ عزیمت اور فریضۂ شہادتِ حق کی ادائیگی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** شہادتِ سیدنا حسینؓ داستانِ عزیمت اور فریضۂ شہادتِ حق کی ادائیگی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ اسلام کے سیاسی نظام میں ایک دراڑ آنے پر عزیمت کا راستہ اختیار کرتے ہوئے نواسہ رسول ﷺ نے اپنی اور اپنے خاندان کی جان قربان کردی۔ حقیقت میں آج مسلمانوں کی اکثریت نے اسلام کو محض عقائد، عبادات ورسومات کا ایک مجموعہ سمجھ رکھا ہے۔ حالانکہ اسلام تو ایک مکمل نظامِ حیات ہے جو زندگی کے تمام انفرادی اور اجتماعی گوشوں پر محیط ہے۔ جس طرح انفرادی سطح پر عقائد، عبادات ورسومات کی دین میں اہمیت ہے اتنی ہی اہمیت اجتماعی سطح پر اسلام کے معاشی، سیاسی اور معاشرتی نظام کی بھی ہے۔ نواسہ ٔرسول ﷺ سیدنا حسینؓ کی دینی غیرت و حمیت نے نظامِ خلافت کا ملوکیت میں تبدیل ہونا برداشت نہ کیا۔ آج غزہ کے مسلمان گویا ایک کربلا کی سی کیفیت سے گزر رہے ہیں۔ 7اکتوبر 2023ء کے بعد غزہ پر اسرائیل مسلسل 20ماہ سے شدید ترین وحشیانہ بمباری کر رہا ہے۔ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد وشمار کے مطابق اس دوران بچوں اور عورتوں سمیت 60ہزار سے زائد مسلمانوں کو شہید کر دیا گیا ہے جبکہ ہم سمجھتے ہیں کہ شہداء کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے۔ غزہ کا تقریباً90فیصد علاقہ مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ سکول ہوں یا ہسپتال، عام شہریوں کے گھر ہوں یا پناہ گزین کیمپ سب کو اسرائیل نے ملیامیٹ کر دیا ہے لیکن امریکہ نے اسرائیل کے خلاف سیکیورٹی کونسل میں پیش ہونے والی ہر قرارداد کو ویٹو کر دیا۔ عالمی عدالت انصاف کا فیصلہ جس نے واشگاف الفاظ میں اسرائیل کو فلسطینی مسلمانوں کی نسل کشی کا مرتکب قرار دیا تھا وہ تو قصہ ٔپارینہ بن چکا ہے۔ امریکہ اور مغربی یورپ نے تو اسرائیل کی مدد کرنی ہی تھی، بھارت کی جانب سے اسلحہ اور فوجیوں کی صورت میں اسرائیل کی باقاعدہ مدد کی گئی اور باطل کی تمام قوتیں غزہ کے مسلمانوں کے قتلِ عام میں شریک ہیں۔ اگر یہود وہنود کا گٹھ جوڑ آج بھی کسی پر واضح نہیں تو ہم دعا ہی دے سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ دل کی آنکھ بھی کھولے تاکہ اشیاء اپنی اصل حقیقت کے مطابق دکھائی دیں۔ مسلمانوں کی موجودہ ذلت ورسوائی کا باعث بھی یہی ہے کہ قرآن وسنت کے طے شدہ نظام یعنی نظامِ خلافت کو ترک کر کے مغرب سے درآمد شدہ نظام کو عالمِ اسلام پر نافذ کر دیا گیا ہے۔ آج اسلام کے نام پر بننے والے ملک پاکستان میں اسلامی نظام کی سیاسی، سماجی اور معاشی بنیادیں ڈھیر کر دی گئیں ہیں لیکن مسلمانانِ پاکستان ٹَس سے مَس نہیں ہو رہے۔ ہمیں اسوۂ حسینیؓ سے رہنمائی لیتے ہوئے باطل کے خلاف ڈٹ جانا ہوگا اور فریضۂ شہادتِ حق ادا کرنا ہوگا۔

**جاری کردہ**

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 4th, 2025**

## The Shahadah of Sayyiduna Husayn (RA) represents a narrative of unwavering determination and serves as a beacon for the fulfillment of the sacred duty of bearing witness to the truth.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** The Shahadah of Sayyiduna Husayn (RA) stands as a symbol of steadfast resolve and a guiding light for upholding the truth. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**. He stated that when a fracture emerged within the political framework of Islam, the noble grandson of the Holy Prophet *(SAAW)* chose the path of steadfast resolve and willingly sacrificed his own life, along with the lives of his family members. At present, the majority of Muslims perceive Islam merely as a compilation of beliefs, rituals, and customs. In truth, Islam constitutes a comprehensive system of life that encompasses all dimensions of both individual and collective existence. Just as the tenets of faith and acts of worship hold significance at the personal level, equal importance must be accorded to Islam's economic, political, and social systems at the communal level. The deep religious sensitivity and honor of Sayyiduna Husayn (RA), the grandson of the Holy Prophet *(SAAW)*, did not permit him to accept the transformation of the Caliphate into a monarchy. In contemporary times, the Muslims of Gaza are experiencing circumstances akin to those of Karbala. Since October 7, 2023, the state of Israel has continued a relentless and barbaric bombardment of Gaza for twenty consecutive months. As per media reports, over 60,000 Muslims — including women and children — have been martyred during this period, although it is believed that the actual number of martyrs far exceeds the figures reported. Approximately 90% of Gaza has been entirely devastated. Israel has left nothing untouched — be it schools, hospitals, civilian homes, or refugee camps — all have been obliterated. Despite this, the United States has vetoed every resolution brought before the Security Council against Israel. The judgment of the International Court of Justice — which unequivocally held Israel guilty of committing genocide against the Palestinian Muslims — has now been relegated to a forgotten chapter. While support from the United States and Western Europe for Israel was anticipated, the Indian government has also extended direct assistance to Israel, both in the form of arms and military personnel. All forces aligned with falsehood have now united in the ongoing massacre of Gaza's Muslim population. If some still remain oblivious to the alliance between the Zionist and Hindu forces, then all that remains for us is to pray that Allah may open the eyes of their hearts, enabling them to perceive reality as it truly is. The current state of humiliation and disgrace suffered by the Muslim Ummah is a direct consequence of abandoning the divinely ordained system of the Qur'an and Sunnah — namely, the Khilafah — and substituting it with systems imported from the West. Even in Pakistan — a nation established in the name of Islam — the political, social, and economic foundations of Islam have been thoroughly dismantled, yet the Muslims of Pakistan remain unmoved. We must seek inspiration from the example of Husayn (RA), remain resolute in the face of falsehood, and dutifully fulfill the obligation of bearing witness to the truth.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**